ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

## MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

**JAN-2008**

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

**03 JANUARY 2008 SRINAGAR TIMES**

# ہمسفر میرتج سیل کے کام کی سراہنا

محترم فیاض احمد زرو صاحب (چیرمین ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل سرینگر)۔
جناب محمد امین نجار صاحب (آفس انچارج ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل ضلع اسلام آباد کشمیر)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

کشمیری سماج شادی بیاہ کے معاملوں میں خرابیاں اپنانے میں اتنے حدود پار کر چکا تھا کہ اس سے واپس اپنے حد میں لانا بہت ہی مشکل اور ناممکن لگتا تھا۔ اور اس دوران شادیوں میں خرافات اور برائیاں انجام دینے والوں کو کوئی ٹوکنے والا نظر نہیں آتا تھا۔ مگر اب اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جب سے ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل سرینگر وجود میں آئی تب سے ہمسفر کے اصلاحی مہم سے ہمارے سماج میں بہت حد تک اصلاح ہوئی ہے اور ہو رہی ہے۔ اب آج جو لوگ شادیوں میں اسراف اور خرافات کرتے ہیں ان کو سماج میں اب بہت ہی غلط اور برے لوگوں میں شمار کیا جاتا ہے، اور کئی لوگ ان کو برملا ٹوکتے بھی ہیں۔ جو دولت شادیوں میں فضول اور دکھاوے کے لئے خرچ کی جاتی ہے کاش وہ دولت مسلمان بچوں کی دینی اور دنیوی تعلیم پر خرچ ہوتی، تو آج ہم دنیا میں بہت آگے ہوتے۔ میں تمام دینی اور سماجی تنظیموں کے ذمہ داروں سے مودبانہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ ہمسفر میرتج سیل کے اصلاحی پروگرام کو اپنا مکمل تعاون دیں، کیوں کہ یہ وقت کی ایک اہم ترین ضرورت ہے۔

میں ضلع اسلام آباد کے آفس کے ایک رکن محترم محمد امین نجار صاحب کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میرا نکاح شریعت کے مطابق سادگی کے ساتھ کرانے میں بہت ہی اہم رول ادا کیا اور ضلع اسلام آباد میں ہمسفر کے اصلاحی پروگرام کو لوگوں میں متعارف کرانے میں پیش پیش رہے۔

Srinagar Times
03-01-08.

آپ کا دعا گو

ماسٹر محمد اشرف بٹ ولد غلام حسن بٹ، ڈبل ایم اے، آونورہ فرصل اسلام آباد کشمیر

**04 JANUARY 2008 KASHMIR UZMA**

# وادی میں سادہ نکاح کا رجحان فروغ پذیر

سرینگر//ہمسفر میرج کونسل نے کشمیر میں اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز لوگوں کی طرف سے اپنی اولادوں کی شادی سادگی سے انجام دینے کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے سماج پر مثبت نتائج پڑ سکتے ہیں۔کونسل کے اہتمام سے بدھوار 2 جنوری کو NIT حضرتبل سرینگر کے پروفیسر ڈاکٹر غلام رسول خان نے اپنے ایک ڈاکٹر بیٹے اور بیٹی کے نکاح سادگی کے ساتھ اور بغیر کسی بری رسم کے مسجد شریف میں انجام دئے۔نکاح کی یہ مقدس تقریب مدینہ مسجد شریف واقع نگین سرینگر میں دن کے پونے دو بجے منعقد ہوئی۔مجلس میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیئرمین نے آسان اور سادہ شادیوں کی اصلاحی مہم کی اہمیت اور ضرورت کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز لوگ بھی اب اپنی اولاد کی شادیاں سادگی کے ساتھ کرنے کے لئے ہمسفر کی خدمات حاصل کرنے لگے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اس سے معاشرے میں بہت بڑی برائیوں کا قلع قمع ہوگا اور بہت بڑے پیمانے پر سماج میں اصلاح بھی ہوگی۔

(Kashmir Uzma) (04-1-08)

# 03 JANUARY 2008 AFTAB

# ہمسفر میرتج سیل کے کام کی سراہنا

Aftab
03-01-08.

محترم فیاض احمد زرو صاحب
چیرمین: ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل سرینگر۔

جناب محمد امین نجار صاحب
آفس انچارج: ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل ضلع اسلام آباد کشمیر

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

کشمیری سماج شادی بیاہ کے معاملوں میں خرابیاں اپنانے میں اتنے حدود پار کر چکا تھا کہ اس سے واپس اپنے حد میں لانا بہت ہی مشکل اور ناممکن لگتا تھا اور اس دوران شادیوں میں خرافات اور برائیاں انجام دینے والوں کو کوئی ٹوکنے والا نظر نہیں آتا تھا، مگر اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جب سے ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل سرینگر وجود میں آئی تب سے ہمسفر کے اصلاحی مہم سے ہمارے سماج میں بہت حد تک اصلاح ہوئی ہے اور ہو رہی ہے۔ اب آج جو لوگ شادیوں میں اسراف اور خرافات کرتے ہیں اُن کو سماج میں اب بہت ہی غلط اور بُرے لوگون میں شمار کیا جاتا ہے اور کئی لوگ اُن کو برملا اب ٹوکتے بھی ہیں جو دولت شادیوں میں فضول اور دکھاوے کے لیے خرچ کی جاتی ہے کاش وہ دولت مسلمان بچوں کی دینی اور دنیوی تعلیم پر خرچ ہوتی تو آج ہم دنیا میں بہت آگے ہوتے۔ میں تمام دینی اور سماجی تنظیموں کے ذمہ داروں سے مودبانہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ ہمسفر میرج سیل کے اصلاحی پروگرام کو اپنا کر مکمل تعاون دیں کیونکہ یہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ میں ضلع اسلام آباد کے آفس کے ایک رُکن محترم محمد امین نجار صاحب کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میرا نکاح شریعت کے مطابق سادگی کے ساتھ کرانے میں بہت ہی اہم رول ادا کیا اور ضلع اسلام آباد میں ہمسفر کے اصلاحی پروگرام لوگوں میں متعارف کرانے میں پیش پیش رہے۔

آپ کا دعا گو، ماسٹر محمد اشرف بٹ ولد غلام حسن بٹ
ڈبل ایم اے آدنورہ فرصل اسلام آباد کشمیر

**04 JANUARY 2008 GREATER KASHMIR**

# Austere Nikaah at Nigeen

**Srinagar:** At a time when people use marriage ceremonies to show off their wealth, a Prof has solemnized Nikaah of his son and daughter in an austere way at a masjid in Nigeen here.

In a statement, a spokesman of Humsafar Marriage Counseling Cell said Prof Ghulam Rasool Khan of NIT Hazratbal solemnized marriage of his son Dr Firdous Ahmad Khan with Dr Fareeda daughter of Akhtar Bhat of Chadora at Madina Masjid Nigeen.

In the same way the Nikaah of Prof Khan's daughter Rehana Rasool was held with Dr Tariq Ahmad War son of Ghulam Rasool of Bandipore. The Nikaah Khawani was performed by head of Tableegi Group Amir Ahmad.

Greater kashmir (4-1-08)

**04 JANUARY 2008 SRINAGAR TIMES**

# مدینہ مسجد نگین میں سادہ نکاحوں کی مجلس کا انعقاد

## نوجوان ڈاکٹروں نے ہمسفر کے تحت نکاح کرکے مثال قائم کردی

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے پروگرام آسان نکاح اور سادہ شادی کو اپناتے ہوئے کل بدھوار 2 جنوری 2008ء کو NIT حضرت بل سرینگر کے پروفیسر ڈاکٹر غلام رسول خان صاحب نے اپنے ایک ڈاکٹر لڑکے اور ایک لڑکی کے نکاح بہت ہی سادگی کے ساتھ اور بغیر کسی بری رسم کے مسجد شریف میں انجام دئے۔ نکاح کی یہ مقدس تقریب مدینہ مسجد شریف واقع نگین سرینگر میں دن کے 1:45 بجے منعقد ہوئی، مجلس میں ہمسفر کے چیرمین صاحب نے آسان اور سادہ شادیوں کی اصلاحی مہم کی اہمیت اور ضرورت کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز لوگ جواب اپنی اولاد کی شادیاں سادگی کے ساتھ کرنے کیلئے ہمسفر کی خدمات حاصل کرنے لگے ہیں اس سے انشاء اللہ تعالیٰ معاشرے سے بہت بڑی بڑائیوں کا قلع قمع ہوگا اور بہت بڑے پیمانے پر سماج میں اصلاح ہوگی۔ اس نکاح مجلس میں ڈاکٹر فردوس احمد خان ولد ڈاکٹر غلام رسول خان (انجینئر نگ کالج سرینگر) کا نکاح ڈاکٹر فریدہ اختر بٹ (چاڈورہ) کے ساتھ اور ڈاکٹر طارق احمد وار ولد غلام احمد وار (بانڈی پورہ) کا نکاح ریحانہ رسول خان (انجینئر نگ کالج سرینگر) کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ دونوں نکاح دعوت و تبلیغ کے ریاستی سرپرست محترم امیر احمد صاحب نے پڑھادئے۔ حاضرین مجلس میں کھجور اور آب زم زم تقسیم کیا گیا اور بعد میں مہمانوں کی ضیافت گھر پر سادہ قہوہ اور میٹھے کلچے سے کی گئی۔

Srinagar time 04-1-08

**جاری کردہ** / جنرل سیکریٹری (ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر)

**04 JANUARY 2008 AFTAB**

# مدینہ مسجد نگین میں سادہ نکاحوں کی مجلس کا انعقاد

## نوجوان ڈاکٹروں نے ہمسفر کے تحت نکاح کر کے مثال قائم کردی

سرینگر/ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے پروگرام آسان نکاح اور سادہ شادی کو اپناتے ہوئے بدھوار ۲/ جنوری ۲۰۰۸ء کو NIT حضرت بل سرینگر کے پروفیسر ڈاکٹر غلام رسول خان صاحب نے اپنے ایک ڈاکٹر لڑکے اور ایک لڑکی کی نکاح بہت ہی سادگی کے ساتھ اور بغیر کسی بری رسم کے مسجد شریف میں انجام دئے، نکاح کی یہ مقدس تقریب مدینہ مسجد شریف واقع نگین سرینگر میں دن کے 1.45 بجے منعقد ہوئی مجلس میں ہمسفر کے چیرمین صاحب نے آسان اور سادہ شادیوں کی اصلاحی مہم کی اہمیت اور ضرورت کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز لوگ جواب اپنی اولاد کی شادیاں سادگی کے ساتھ کرنے کیلئے ہمسفر کی خدمات حاصل کرنے لگے ہیں اس سے انشاء اللہ تعالیٰ معاشرے سے بہت بڑی برائیوں کا قلع قمع ہوگا اور بہت بڑے پیمانے پر سماج میں اصلاح ہوگی اس نکاح مجلس میں ڈاکٹر فردوس احمد خان ولد ڈاکٹر غلام رسول خان (انجینئرنگ کالج سرینگر) کا نکاح ڈاکٹر فریدہ اختر بٹ (چاڈورہ) کے ساتھ اور ڈاکٹر طارق احمد وار ولد غلام احمد وار (بانڈی پورہ) کا نکاح ریحانہ رسول خان (انجینئرنگ کالج سرینگر) کے ساتھ پڑھا گیا، یہ دونوں نکاح دعوت وتبلیغ کے ریاستی سرپرست محترم امیر احمد صاحب نے پڑھادئے، حاضرین مجلس میں کھجور اور آپ زم زم تقسیم کیا گیا اور بعد میں مہمانوں کی ضیافت گھر پر سادہ قہوہ اور میٹھے کلچے سے کی گئی

Aftab (04-1-08)

**31 JANUARY 2008 SRINAGAR 2008**

# شدت کی سردی میں بھی ہمسفر کی سادہ شادیاں جاری

## گذشتہ دنوں تین عدد نکاح مجالس منعقد / میریج سیل

سرینگر/ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اصلاحی پروگرام آسان نکاح سادہ شادی کے تحت گذشتہ ہفتے میں سادہ نکاح کی تین مجالس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی۔ ان میں سے ایک نکاح معراج الدین ریشی (پلوامہ) کا محترمہ ربیع اختر ڈار (اسلام آباد) کے ساتھ ہوا، دوسرا نکاح محمد سلطان ریشی (پلوامہ) کا محترمہ جمیلہ اختر ریشی کے ساتھ ہوا۔ یہ دونوں نکاح مفتی مظفر حسین قاسمی (دارالعلوم سوپور) نے جامع مسجد وچی پلوامہ میں نماز جمعہ کے موقع پر پڑھادئے۔ اس موقع پر مفتی مظفر صاحب نے کہا کہ شادی کے موقع پر رسومات بد، اسراف اور خرافات انجام دینا شریعت کی کھلم کھلا خلاف ورزی کے مترادف ہے، اور سادہ شادی انجام دینا کئی جرائم کو روکنے میں تعاون کے برابر ہے۔ تیسرا نکاح عرفان احمد ڈار (بلبل نوگام اسلام آباد) کا محترمہ موی جان میر (کیموہ) کے ساتھ دس ہزار روپے مہر پر ہوا۔ یہ نکاح جامع مسجد گوپھہ بل کیموہ کولگام میں پڑھا گیا۔ اس موقع پر ہمسفر کی شاخ ضلع اسلام آباد کے انچارج الطاف صاحب اور محمد امین صاحب بھی موجود تھے۔

**31 JANUARY 2008 KASHMIR UZMA**

# سادہ شادیوں کا سلسلہ جاری

سرینگر//ہمسفر میرج سیل کی طرف سے جاری کئے گئے ایک بیان کے مطابق شدت کی سردی ہونے کے باوجود ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے سادہ شادیوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے۔ایک بیان کے مطابق پلوامہ کے معراج الدین ریشی کا نکاح ربیعہ اختر کے ساتھ اور محمد سلطان ریشی کا نکاح جمیلہ اختر کے ساتھ نہایت ہی سادگی کے ساتھ انجام دئے گئے اور یہ دونوں نکاح مفتی مظفر حسین قاسمی نے پڑھائے۔بیان کے مطابق ایک اور نکاح عرفان احمد ڈار کا موسیٰ جان کے ساتھ دس ہزار روپے مہر پر ہوا۔

**31 JANUARY 2008 AFTAB**

# نکاح خوانی کی سادہ تقریبات

(31-01-2008) (Aftab)

## عوام نے سراہنا کی

سرینگر/ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اصلاحی پروگرام آسان نکاح سادہ شادی کے تحت سادہ نکاح کی تین مجالس کا انعقاد کیا گیا' جس میں سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی ان میں سے ایک نکاح معراج الدین ریشی کا محترمہ ربیع اختر ڈار کیساتھ ہوا' دوسرا نکاح محمد سلطان ریشی کا محترمہ جمیلہ اختر ریشی کیساتھ ہوا' یہ دونوں نکاح مفتی مظفر حسین قاسمی نے جامع مسجد وچی پلوامہ میں نماز جمعہ کے موقع پر پڑھا دیئے'/ (جاری صفحہ ۱۱ پر)

## نکاح خوانی کی

اس موقع پر مفتی مظفر نے فرمایا کہ شادی کے موقع پر رسومات بد اسراف اور خرافات انجام دینا شریعت کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرنے کے مترادف ہے اور سادہ شادی انجام دینا کئی جرائم کو روکنے میں تعاون کرنے کے برابر ہے۔